

قابض اسرائیل کی شام پر بمباری پر اپوزیشن لیڈر کی حکومت پر کڑی تنقید ص:02


ISSN 2977-3555

روزنامہ صحافت برمنگھم

باخبر، باأثر حقیقتوں کا پیام بر

www.sahafat.in/uk

Birmingham Edition U.K.

**Published from Birmingham (U.K.), India-Delhi, Mumbai, Lucknow, Dehradun**

Volume No.03, Issue No.11 , Friday 18 July, 2025, 8 Pages

جلد نمبر(۳)، شمارہ نمبر(۱۱)، بروز جمعہ، ۱۸ر جولائی، ۲۰۲۵ء، ۲۲ محرم الحرام، ۱۴۴۷ھ، ۸ صفحات


# غزہ میں بدترین اسرائیلی جارحیت جاری، مزید 93 فلسطینی شہید

## امدادی خوراک کے منتظر مزید 30 افراد صہیونی درندگی کی نذر ہو گئی

غزہ، (ایجنسیاں): اسرائیل کی غزہ پر جاری وحشیانہ بمباری میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 93 فلسطینی شہید ہو گئے۔ جاں بحق ہونے والوں میں 30 افراد وہ تھے جو خوراک کے حصول کے لیے قطار میں کھڑے تھے۔ الجزیرہ اور مقامی طبی ذرائع کے مطابق ہلاکتوں میں مسلسل اضافہ جاری ہے۔ غزہ کی وزارت صحت کے مطابق جمعرات کو صبح سے اب تک مزید 18 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، جو ظاہر کرتا ہے کہ اسرائیلی بمباری کی شدت میں کوئی کمی نہیں آئی۔ فلسطینی وزارت صحت کا کہنا ہے کہ عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) اور یونیسف کے تعاون سے ایک قافلہ بچوں کی ویکسین اور ضروری طبی سامان لے کر غزہ کے اسپتالوں کی طرف روانہ ہو چکا ہے۔ اس قافلے میں خوراک شامل نہیں بلکہ صرف وہ سامان ہے جو زخمیوں کے علاج اور جانیں بچانے کے لیے فوری ضروری ہے۔ وزارتِ صحت نے تمام متعلقہ اداروں اور فریقین سے قافلے کی حفاظت یقینی بنانے کی اپیل کی ہے تاکہ یہ امداد متاثرین تک محفوظ اور بروقت پہنچ سکے۔ اسرائیلی حملوں کے باعث ہلاکتوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ غزہ کی وزارتِ صحت کے مطابق اسرائیل کے حملوں میں اب تک کم از کم 58 ہزار 573 افراد شہید اور 1 لاکھ 39 ہزار 607 زخمی ہو چکے ہیں۔ ذرائع نے الجزیرہ کو مزید بتایا کہ آج صبح سے غزہ بھر میں اسرائیلی حملوں میں کم از کم 18 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں۔ فلسطینی وزارتِ صحت نے اعلان کیا ہے کہ آج طبی سامان اور بچوں کے لیے ویکسین لے کر ٹرکوں کا ایک قافلہ غزہ کے اسپتالوں میں پہنچنے والا ہے۔ وزارتِ صحت کے مطابق، یہ سامان عالمی ادار؟ صحت (ڈبلیو ایچ او) اور یونیسف (یونیسیف) کے تعاون سے بھیجا جا رہا ہے اور اس میں کوئی غذائی اشیا شامل نہیں ہیں۔



بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ یہ طبی سامان نہایت اہم اور فوری ضرورت کا حامل ہے، تاکہ زخمیوں اور مریضوں کے علاج کا سلسلہ جاری رکھا جا سکے اور قیمتی جانیں بچائی جا سکیں۔ وزارت نے تمام متعلقہ فریقوں سے اپیل کی ہے کہ وہ قافلے کی حفاظت کو یقینی بنائیں اور اس کی محفوظ آمد ممکن بنائیں۔

### ’غزہ میں فائر بندی کیلئے مذاکرات اچھے انداز سے آگے بڑھ رہے‘

**اب توجہ موراغ راہ داری پر نہیں بلکہ رفح میں اسرائیلی موجودگی پر مرکوز ہے: اسٹیو وِٹکوف**

واشنگٹن، (ایجنسیاں): مشرق وسطیٰ کے لیے امریکہ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وِٹکوف نے بدھ کے روز کہا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی کے حصول کے لیے جاری مذاکرات "اچھے انداز میں آگے بڑھ رہے ہیں"۔ اسی روز واشنگٹن میں ایک قانون پر دستخط کی تقریب کے دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا کہ ہمارے پاس غزہ اور کچھ دیگر معاملات کے بارے میں اچھی خبریں ہیں جن پر ہم کام کر رہے ہیں۔ انھوں نے اس موقع پر وِٹکوف کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اس سے پہلے اسرائیلی وفد کی قطر اور مصر کے وفود سے ملاقات ہوئی، جس میں اسرائیلی فریق نے نئے نقشے پیش کیے جو تل ابیب حکومت کی طرف سے اضافی لچک کا مظاہرہ ہے۔ یہ بات اسرائیلی اخبار ’یروشلم پوسٹ‘ نے بتائی۔ مذاکرات سے باخبر ایک ذریعے نے اخبار کو بتایا کہ اب توجہ موراغ راہ داری پر نہیں بلکہ رفح میں اسرائیلی موجودگی پر مرکوز ہے، اور بات چیت کا مرکز یہی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ثالثی پرامید ہیں اور سمجھتے ہیں کہ یہ نئے نقشے معاہدے تک پہنچنے کے امکانات میں اہم پیش رفت کی نمائندگی کرتے ہیں۔

# شام کے جنوبی حصے میں امریکہ نے کرائی جنگ بندی

## سابق باغی اور ملک کے عبوری حکمراں احمد الشرع جولانی انتظامیہ پہلے امتحان میں ہی فیل

دمشق، (ایجنسیاں): شام کے جنوبی حصے میں کئی روز سے جاری خونیزی آخرکار امریکی مداخلت کے بعد فی الحال رُک گئی ہے مگر وفاقی حکومت اور دروز جنگجوؤں کے درمیان کشیدگی برقرار ہے۔ اس دوران بشار الاسد حکومت کا تختہ پلٹ کر ملک کی انتظامیہ اپنے ہاتھ لینے والے سابق باغی اور شام کے عبوری صدر احمد الشرع الجولانی کی انتظامیہ بھی تشدد روکنے میں ناکام رہی۔ ’رائٹرز‘ کے مطابق راتوں رات حکومتی فوجیں دروز اکثریتی شہر السویدا سے پیچھے ہٹ گئیں، جہاں دمشق حکام اور بدو قبائل کے خلاف مقامی جنگجوؤں کی لڑائی میں درجنوں افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ بدھ کی شام کو تشدد اس وقت شدت اختیار کر گیا تھا، جب اسرائیل نے دمشق پر فضائی



حملے کیے اور جنوبی علاقوں میں حکومتی افواج پر حملے تیز کر دیے، ان سے انخلا کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل شام کے دروز اقلیت کی حفاظت کرنا چاہتا ہے۔ اسرائیل نے اس سال بار بار بمباری کی ہے اور شام کے عبوری حکمرانوں کو ’بمشکل چھپے ہوئے جہادی‘ قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ شامی افواج کو اپنی سرحد کے قریب تعینات ہونے کی اجازت نہیں دے گا۔ اپنے ہی ملک کی دروز اقلیت کے دباؤ میں اسرائیل نے جنوبی شام میں کچھ علاقوں پر قبضہ بھی کر لیا ہے۔ رائٹرز کی فوٹیج میں دیکھا گیا کہ شام کی فوج السویدا سے راتوں رات نکل گئی، مقامی رہائشیوں سے رابطے میں موجود 2 افراد کے مطابق وہاں جمعرات کی صبح صورتِ حال پرسکون تھی۔

### صیہونی جارحیت کا جواب دینے سے جولانی کا گریز

دمشق: عبوری حکومت کے سربراہ الجولانی



نے شام کے خلاف غاصب صیہونی حکومت کی وسیع جارحیت کے باوجود اس جارحیت کا جواب دینے سے گریز کیا ہے۔ شام کی عبوری حکومت کے سربراہ نے ٹیلی ویژن پر نشر اپنے بیان میں کہا کہ ہم نے سویدا کی حفاظت وہاں کے بعض مقامی گروہوں اور دروزی رہنماؤں کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ الجولانی نے مزید کہا کہ ہمارے سامنے دو آپشنز تھے جن میں سے ہمیں ایک کا انتخاب کرنا تھا اور ہم نے اسرائیلی حکومت کیساتھ جنگ کی بجائے دروزی رہنماؤں کو ایک معاہدہ تک پہنچنے کا موقع دیا اور اس طرح ہم نے ملک کی حفاظت کا انتخاب کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ حکومت کے خاتمے کے بعد سے اسرائیلی رژیم اس سرزمین کو تنازعات اور اختلافات کا میدان بنانے کی کوشش کر رہی ہے۔

# عراق کے شاپنگ مال میں ہولناک آتشزدگی، 60 افراد جاں بحق

## 48 گھنٹوں میں ابتدائی تحقیقات کا نتیجہ جاری کر دیا جائے گا: صوبائی گورنر

بغداد، (ایجنسیاں): عراق کے مشرقی شہر الکوت میں ایک بڑے شاپنگ مال (ہائپر مارکیٹ) میں رات کے وقت لگی شدید آگ نے کم از کم 60 افراد کی جان لے لی، جب کہ 11 افراد تا حال لاپتہ ہیں۔ حکام نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ مزید لاشیں جلے ہوئے ملبے تلے دبی ہو سکتی ہیں۔ سوشل میڈیا پر گردش کرتی ویڈیوز میں دیکھا جا سکتا ہے کہ پانچ منزلہ عمارت آگ کی لپیٹ میں ہے، اور فائر فائٹرز آگ پر قابو پانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ تاہم رائٹرز نے ان ویڈیوز کی آزادانہ تصدیق نہیں کی۔ شہر کے محکمہ صحت کے ایک اہلکار نے بتایا کہ ہم نے 59 افراد کی شناخت کر لی ہے، لیکن ایک لاش اتنی بری طرح جھلس چکی ہے کہ اس کی شناخت ممکن نہیں ہو سکی۔ الکوت کے ایک اعلیٰ اہلکار علی المیاحی نے کہا کہ کئی لاشیں ابھی ملبے کے نیچے پھنسی ہوئی ہیں، جنہیں نکالنے کی کوشش جاری ہے۔ ابھی تک آگ لگنے کی وجہ سامنے نہیں آ سکی۔ تاہم صوبے کے گورنر نے سرکاری نیوز ایجنسی (آئی این اے) کو بتایا کہ 48 گھنٹوں میں ابتدائی تحقیقات کا نتیجہ جاری کر دیا جائے گا۔ گورنر کے مطابق مال اور عمارت کے مالکان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔



### ٹرمپ نے کیلیفورنیا ہائی اسپیڈ ریل کے لیے فنڈنگ روک دی

واشنگٹن، (یو این آئی) امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اعلان کیا کہ ان کی حکومت کیلیفورنیا کے ہائی اسپیڈ ریل منصوبہ کیلئے فنڈز فراہم نہیں کرے گی۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر لکھا کہ وفاقی حکومت کا ایک بھی ڈالر اس گھوٹالہ میں دوبارہ خرچ نہیں کیا جائے گا۔ جس ریلوے لائن کو مکمل کرنے کا ہم سے وعدہ کیا گیا تھا وہ ابھی تک تیار نہیں ہے اور نہ ہی کبھی ہوگی۔

# ایران نے جوہری معاہدے پر عمل کیا، ٹرمپ نے اس کی خلاف ورزی کی

## سابق امریکی وزیر خارجہ کا بڑا اعتراف، کہا ’فوجی حملے مسئلے کا حل نہیں‘



واشنگٹن، (ایجنسیاں): امریکہ کے سابق وزیر خارجہ بلینکن نے کہا کہ فوجی حملے مسئلے کا حل نہیں، ایران نے جوہری معاہدے پر مکمل عمل کیا ہے۔ امریکہ کے سابق وزیر خارجہ انتھونی بلینکن نے اعتراف کیا ہے کہ ایران 2015 کے جوہری معاہدے پر عمل کر رہا تھا اور اس معاہدے کی خلاف ورزی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کی۔ سی این این سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں واضح طور پر کہنا چاہیے کہ ایران معاہدے پر عمل کر رہا تھا۔ نہ صرف بین الاقوامی معائنہ کاروں نے اس کی تصدیق کی بلکہ ہماری اپنی انٹیلی جنس رپورٹس بھی یہی بتا رہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو جوہری معاہدے کے تحت 3.67 فیصد تک یورینیم کی افزودگی کی اجازت تھی اور وہ اسی دائرے میں کام کر رہا تھا۔ جب ہم نے معاہدہ ختم کر دیا تو ایران کے پاس یہ حق تھا کہ وہ اپنی جوہری ٹیکنالوجی کو ترقی دے، اور آج وہ اپنی تنصیبات کو اتنے گہرے مقامات پر بنا سکتا ہے کہ انہیں فوجی حملے سے تباہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے زور دیا کہ فوجی آپشن پائیدار حل نہیں ہو سکتا۔ ہمیں ایک ایسا سفارتی راستہ اپنانا ہوگا جو زیادہ قابل تصدیق، طویل مدتی اور نتیجہ خیز ہو۔

### دمشق پر اسرائیلی حملے شامی خودمختاری کی کھلی خلاف ورزی ہیں: روس

ماسکو، (ایجنسیاں): روسی وزارت خارجہ نے جمعرات کو شام پر اسرائیلی فضائی حملوں کی مذمت کی اور کہا کہ یہ ملک کی خودمختاری اور بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے۔ وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ شام میں تشدد کی نئی لہر انتہائی تشویشناک ہے۔ روسی فریق نے شام میں اسرائیل کے طاقت کے بے جا استعمال کی بارہا مذمت کی ہے۔ یہ حملے جو ملک کی خودمختاری اور بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی ہیں کی شدید مذمت کی جانی چاہیے۔ وزارت نے مزید کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ اس مسئلے کا حل مکالمے اور قومی یکجہتی کو مضبوط بنانے میں ہے۔ اسرائیل نے بدھ کو دمشق پر شدید فضائی حملے کیے جس میں وزارت دفاع کے صدر دفاتر اور شامی راجدھانی میں صدارتی محل کے قریب کے علاقوں کو نشانہ بنایا گیا۔

# ترکیہ کے اپوزیشن رہنما اور میئر استنبول اکرم امام کو 20 ماہ قید

## عدالت نے سرکاری ملازم کی توہین کے جرم میں ایک سال 5 ماہ اور 15 دن جبکہ دھمکی دینے کے الزام میں مزید 2 ماہ 15 دن قید کی سزا سنائی

انقرہ، (ایجنسیاں): ترکیہ کے اپوزیشن رہنما اور استنبول کے میئر اکرم امام اوغلو کو شہر کے پبلک پراسیکیوٹر کی توہین اور اسے دھمکانے کے الزام میں مجموعی طور پر 20 ماہ قید کی سزا سنا دی گئی۔ خبر رساں ادارے ’اے ایف پی‘ کی رپورٹ کے مطابق یہ مقدمہ ان کئی کیسز میں سے ایک ہے جو امام اوغلو کے خلاف زیرِ سماعت ہیں، وہ ترک صدر رجب طیب اردوان کے مرکزی سیاسی حریف سمجھے جاتے ہیں اور اس وقت مبینہ بدعنوانی کی تحقیقات کے سلسلے میں پہلے سے ہی زیرِ حراست ہیں۔ مارچ میں ہونے والی ان کی گرفتاری کے بعد ترکی میں گزشتہ دہائی کے سب سے بڑے احتجاجی مظاہرے شروع ہو گئے تھے، بدھ کا عدالتی اجلاس استنبول کے مغربی کنارے میں واقع سیلیوری عدالت وجیل کمپلیکس میں ہوا، جہاں امام اوغلو کو مارچ سے رکھا گیا ہے۔ عدالت نے انہیں ایک سرکاری ملازم کی توہین کے جرم



میں ایک سال 5 ماہ اور 15 دن جبکہ دھمکی دینے کے الزام میں مزید 2 ماہ 15 دن قید کی سزا سنائی۔ امام اوغلو نے عدالت میں پیشی کے دوران تمام الزامات کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ انہیں نشانہ بنایا جا رہا ہے کیونکہ وہ 2028 کے صدارتی انتخابات میں اردوان کو چیلنج کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، استغاثہ نے ابتدا میں ان کیلئے 7 سال چار ماہ تک قید اور سیاست سے نااہلی کی سزا تجویز کی تھی۔ تاہم عدالت نے سیاسی نااہلی کا فیصلہ نہیں دیا کیونکہ یہ پابندی صرف ان مجرموں پر لاگو ہوتی ہے جنہیں کم از کم 2 سال قید کی سزا ہو۔ امام اوغلو پہلی بار 2019 میں استنبول کے میئر منتخب ہوئے تھے اور 2024 میں دوبارہ منتخب ہوئے۔ انہیں 19 مارچ کو بدعنوانی کی تحقیقات اور مبینہ دہشت گردی کے روابط کے سلسلے میں گرفتار کیا گیا تھا۔ ان پر عائد الزامات کی طویل فہرست ان کے اگلے صدارتی انتخابات میں حصہ لینے کی راہ میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔ ان کی گرفتاری کے بعد ملک بھر میں شدید مظاہرے پھوٹ پڑے، جو کہ 2013 کے غیزی پارک مظاہروں کے بعد سب سے بڑے عوامی احتجاج تھے۔ ان مظاہروں کو پولیس نے سختی سے کچل دیا تھا۔

# پیٹریاٹ سسٹم کو یوکرین منتقل کرنے کی تیاریاں تیزی سے جاری ہیں: نیٹو

برلن، (ایجنسیاں): نیٹو کے سپریم ملٹری کمانڈر نے جمعرات کو اعلان کیا کہ یوکرین کو تیزی سے پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام منتقل کرنے کی تیاریاں جاری ہیں کیونکہ ملک کو جنگ کے آغاز کے بعد سے روس کی کچھ شدید ترین حملوں کا سامنا ہے۔ الیگزوس گرینکیوچ نے جرمن شہر ویسبادن میں ایک کانفرنس میں کہا کہ تیاریاں جاری ہیں اور ہم پیٹریاٹ سسٹم کی منتقلی کے عمل میں جرمنوں کے ساتھ قریبی تعاون کر رہے ہیں۔ مجھے جلد از جلد حرکت کرنے کی ہدایت ملی ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پیر کو کہا تھا کہ امریکہ کی طرف سے نیٹو کو یوکرین کو روس کے خلاف جنگ میں مدد کے لیے بھیجے جانے والے ہتھیاروں میں



پیٹریاٹ بیٹریاں اور میزائل شامل ہوں گے۔ ٹرمپ نے یہ پوچھے جانے پر کہ کیا وہ خاص طور پر پیٹریاٹ میزائل بھیجیں گے جواب دیا کہ یہ بیٹریوں کے ساتھ ایک مکمل سیٹ ہے۔ نیٹو کے سیکرٹری جنرل مارک روٹے کیساتھ ایک ملاقات کے دوران انہوں نے مزید کہا کہ ہتھیار جلد ہی میدان جنگ میں تعینات کیے جائیں گے۔

# شام کو علاقائی کشیدگی کا میدان نہیں بننا چاہیے: جرمنی

**برلن شام میں استحکام کو خطرے میں ڈالنے سے بچنے کے لیے تحمل سے کام لینے کا مطالبہ کرتا ہے**

برلن: جرمنی کے وزیر خارجہ جوہان وڈے فل نے جمعرات کو کہا کہ شام کو علاقائی کشیدگی کا اکھاڑہ نہیں بننا چاہیے۔ ان کا یہ بیان اسرائیل کی جانب سے فضائی حملوں کے بعد آیا ہے۔



اسرائیل کے مطابق ان حملوں کا مقصد شامی دروز کو تحفظ فراہم کرنا تھا۔ جرمن وزیر خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ دمشق سمیت اسرائیلی فضائی حملوں کی روشنی میں میں تمام مقامی اور بین الاقوامی اداکاروں سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ ایسی کسی بھی چیز سے گریز کریں جس سے شام میں استحکام اور سیاسی منتقلی کے عمل کو خطرہ ہو۔ جنوبی صوبے سویدا میں تشدد میں اضافے کے ایک دن بعد اسرائیل نے بدھ کو دمشق پر شدید فضائی حملے کیے جس میں وزارت دفاع کے ہیڈکوارٹر اور شام کے دارالحکومت میں صدارتی محل کے قریب کے علاقوں کو نشانہ بنایا گیا۔

واضح خلاف ورزی: شام نے ملک پر اسرائیلی حملوں کو اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی انسانی قانون کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا اور سلامتی کونسل سے ان خلاف ورزیوں کو ختم کرنے کے لیے فوری مداخلت کرنے کا مطالبہ کیا۔ اسرائیل کی جانب سے دمشق میں جنرل سٹاف ہیڈکوارٹر، صدارتی محل کے آس پاس اور جنوبی شام میں دیگر فوجی اہداف پر حملوں کے سلسلے کے بعد امریکی محکمہ خارجہ نے شام کی سرکاری افواج پر زور دیا کہ وہ کشیدگی کو کم کرنے کے لیے جنوبی شام میں تنازعات کے علاقے سے نکل جائیں۔ سویدا میں 13 جولائی سے عسکریت پسندوں اور حکومت کے حامی بدو قبائل کے درمیان جھڑپیں شروع ہو چکی ہیں جس کے نتیجے میں شہریوں اور فوجیوں سمیت سینکڑوں افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ حکومتی فورسز نے شہر پر قبضے کے لیے مہم شروع کر رکھی ہے۔ اس کے جواب میں اسرائیل نے درعا اور دمشق میں شامی فورسز کو نشانہ بناتے ہوئے فضائی حملوں کا جواب دیا جس کا مقصد سرکاری افواج کو جنوب کی جانب پیش قدمی سے روکنا ہے۔

جنگ بندی معاہدہ: شام کی وزارت داخلہ نے بدھ کو اعلان کیا کہ سویدا میں جنگ بندی کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ اس معاہدے میں 14 شقیں شامل ہیں، جن میں خاص طور پر تمام فوجی کارروائیوں کو فوری طور پر روکنا اور اس کے نفاذ کی نگرانی کے لیے شامی ریاست اور دروز شیخوں پر مشتمل ایک مانیٹرنگ کمیٹی کی تشکیل شامل ہے۔ شام میں دروز کی آبادی کا تخمینہ لگ بھگ سات لاکھ ہے جن میں سے زیادہ تر ملک کے جنوب میں خاص طور پر سویدا گورنریٹ میں رہتے ہیں۔

# عراق اور کردستان کے درمیان تیل کی برآمدات بحال کرنے پر اتفاق

## ڈرون حملوں کے بعد کئی اہم تیل تنصیبات بند، بغداد اور اربیل کے درمیان نیا معاہدہ

بغداد: عراقی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ اربیل اور بغداد کے درمیان ایک اہم معاہدے کے بعد کردستان عراق سے خام تیل کی برآمدات کا عمل دو سال سے زائد کے تعطل کے بعد بحال کیا جا رہا ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں ہوئی ہے جب حالیہ دنوں میں ڈرون حملوں کے باعث علاقے کی تیل تنصیبات نشانہ بنی ہیں۔ معاہدے کے تحت کرد حکومت فوری طور پر اپنے تمام تیل کے ذخائر سے حاصل ہونے والا خام تیل عراقی سرکاری ادارے ’سومو‘ کے حوالے کرے گی، تاکہ وہ اسے برآمد کر سکے۔ اس حوالے سے فریقین کے درمیان طے پایا ہے کہ یومیہ کم از کم 2 لاکھ 30 ہزار بیرل تیل فراہم کیا جائے گا۔ فرانسیسی خبر رساں ایجنسی ”اے ایف پی“ کے مطابق عراقی وزارت خزانہ کرد حکومت کو ہر بیرل کے عوض 16 ڈالر ادا کرے گی۔

ڈرون حملے، پیداوار میں کمی اور تنصیبات کی بندش: تیسرے روز بھی ڈرون حملوں کے باعث کردستان کے متعدد آئل فیلڈز میں پیداوار متاثر ہوئی ہے، جس کے نتیجے میں یومیہ 1 لاکھ 40 سے 1 لاکھ 50 ہزار بیرل کی کمی واقع ہوئی۔ کئی مقامات پر بنیادی ڈھانچے کو پہنچنے والے نقصان کے سبب تیل کی پیداوار مکمل طور پر بند کر دی گئی۔ کردستان کے توانائی حکام کے مطابق علاقے میں یومیہ پیداوار تقریباً 2 لاکھ 85 ہزار بیرل ہے۔ متعدد میدانوں میں شدید نقصانات کے بعد وزارت قدرتی وسائل نے عارضی بندش کی تصدیق کر دی ہے۔



وزیر اعظم محمد شیاع السودانی نے ان حملوں کی فوری تحقیقات کا حکم دیا ہے اور کہا ہے کہ ان واقعات کی تکرار تشویش ناک ہے۔

بڑی تیل کمپنیاں بھی متاثر، بین الاقوامی ردعمل: لف کیسٹون پٹرولیم جو کہ کردستان کے بڑے آئل فیلڈز ’شیخان‘ کی سب سے بڑی دریافت کی مالک ہے، نے بھی سکیورٹی وجوہات کی بنا پر پیداوار عارضی طور پر روک دی ہے۔ کمپنی کا کہنا ہے کہ اس نے احتیاطی تدابیر کے طور پر ملازمین کی حفاظت کے لیے اقدامات کیے ہیں، تاہم کمپنی کے اثاثے محفوظ ہیں۔ گلف کیسٹون کرد حکومت کے ساتھ پیداوار کی تقسیم کے معاہدے کے تحت شیخان میدان میں 80 فیصد آپریشنل حصہ رکھتی ہے، جو اربیل سے تقریباً 60 کلومیٹر شمال مغرب میں واقع ہے۔ کردستان کی وزارت قدرتی وسائل نے بتایا کہ زاخو انتظامی علاقے اور دہوک کے نواحی اضلاع بشمول طاوکی، بیشخابور، اور عین سفنی کو بدھ کے روز دھماکہ خیز مواد سے لیس ڈرون حملوں کا سامنا رہا۔ ناروے کی کمپنی ڈی این او، جو کہ طاوکی اور بیشکابیر میدانوں کی نگران ہے، نے بھی حملوں کے بعد وقتی طور پر پیداوار بند کر دی ہے۔ کمپنی نے تصدیق کی ہے کہ کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں، تاہم انفراسٹرکچر کی جانچ جاری ہے اور پیداوار جلد بحال ہونے کی توقع ہے۔ ان حملوں کے بعد ڈی این او کے حصص کی قدر میں تقریباً 5 فیصد کمی آئی، جو کہ 25 جون کے بعد بدترین کاروباری دن تھا۔ کردستان کی انسداد دہشت گردی فورس کے مطابق، ان حملوں میں تین مسلح ڈرون استعمال ہوئے، جن سے کوئی جانی نقصان تو نہیں ہوا، مگر مادی نقصان ہوا ہے۔

دیگر کمپنیاں بھی پیداوار سے دستبردار: بدھ کے روز ”ابیکور“ گروپ، جو آٹھ تیل کمپنیوں پر مشتمل ہے اور کردستان میں سرگرم عمل ہے نے اعلان کیا کہ ان کے اکثر ارکان نے، چاہے وہ حملوں کا نشانہ بنے یا نہ بنے، احتیاطی طور پر تیل کی پیداوار معطل کر دی ہے۔ گروپ کے مطابق، متاثرہ فیلڈز اور تنصیبات کا مکمل جائزہ لیا جا رہا ہے۔ اسی روز امریکی کمپنی ہنٹ آئل کے زیر انتظام ”عین سفنی“ میدان کو بھی حملے کا سامنا کرنا پڑا۔ منگل کے روز ایک اور حملے میں سرسنک میدان کو نشانہ بنایا گیا، صرف چند گھنٹے قبل اس کے امریکی منتظمین نے عراقی حکومت کے ساتھ ایک اور میدان کی ترقی سے متعلق معاہدے پر دستخط کیے تھے۔ پیر کے روز دو ڈرون طیارے اربیل کے قریب خورملہ تیل میدان پر گرے، جن سے پانی کی پائپ لائن کو نقصان پہنچا۔ امریکی محکمہ خارجہ نے ان حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے 14 جولائی سے جاری خطرناک رجحان قرار دیا ہے، اور مطالبہ کیا ہے کہ تیل تنصیبات کو نشانہ بنانے والے ان حملوں کا فوری نوٹس لیا جائے۔

# شام میں جنگ بندی اپیلوں کا نہیں ہماری طاقت کا نتیجہ ہے: بنجمن نیتن یاھو

تل ابیب: اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ ان کی حکومت نے جنوبی دمشق کی گولان کی پہاڑیوں اور جبل الدروز تک شام میں "غیر مسلح" پٹی کے قیام کے لیے ایک واضح پالیسی



اختیار کی اور وہاں جنگ بندی طاقت کے ذریعے حاصل کی گئی۔ یہ جنگ بندی کسی درخواست یا اپیل کا نتیجہ نہیں۔ انہوں نے ایک ویڈیو پیغام میں کہا کہ اسرائیل کی حالیہ فضائی کارروائیوں کے باعث شامی افواج پیچھے ہٹ کر دمشق تک محدود ہو چکی ہیں اور اسے "ایک اہم پیش رفت" قرار دیا۔ نیتن یاہو نے دعویٰ کیا کہ اسرائیل سات محاذوں پر "طاقت کے ذریعے امن" قائم کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل میں دروزی برادری کے روحانی پیشوا موفق طریف نے اسرائیلی حکومت سے شام میں دروزی برادری کی مدد کی درخواست کی تھی۔ شامی حکومت نے حالیہ جھڑپوں کے دوران السویداء سے اپنی افواج واپس بلا لیں۔ اس موقع پر شامی صدر کے معاون احمد الشرع نے اعلان کیا کہ وہ اسرائیل کے ساتھ "بڑے پیمانے پر جنگ" سے بچنا چاہتے ہیں خصوصاً جب اسرائیل نے مزید حملے تیز کرنے کی دھمکی دی تھی۔ گذشتہ روز اسرائیل نے دارالحکومت دمشق پر شدید فضائی حملے کیے، جن میں وزارت دفاع کا صدر دفتر اور صدارتی محل کے قریبی علاقے نشانہ بنے۔ یہ کارروائیاں السویداء میں جاری جھڑپوں کے تناظر میں کی گئیں۔

شام کی شدید مذمت، اقوام متحدہ سے مداخلت کا مطالبہ: شام نے اسرائیلی حملوں کو "اقوام متحدہ کے منشور اور بین الاقوامی انسانی قانون کی کھلی خلاف ورزی" قرار دیتے ہوئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے فوری مداخلت کی اپیل کی ہے۔ دوسری جانب امریکہ نے شام کی حکومتی افواج پر زور دیا ہے کہ وہ جنوبی علاقوں سے پیچھے ہٹ جائیں تاکہ کشیدگی کم کی جا سکے۔ واشنگٹن نے دمشق کو دروزی برادری کو نشانہ بنانے سے خبردار بھی کیا۔

یاد رہے کہ السویداء میں 13 جولائی سے جھڑپیں جاری ہیں، جو حکومت کے حامی مسلح گروہوں اور مقامی قبائل کے درمیان ہوئیں، ان میں درجنوں شہری اور فوجی جان سے گئے۔ شامی افواج نے شہر پر کنٹرول کے لیے کارروائی بھی کی۔

السویداء میں جنگ بندی معاہدہ: شامی وزارت داخلہ نے بدھ کے روز اعلان کیا کہ السویداء میں فریقین کے درمیان جنگ بندی پر اتفاق ہو گیا ہے۔ اس معاہدے کے تحت 14 نکاتی لائحۂ عمل پر اتفاق کیا گیا ہے، جس کا مرکزی نکتہ تمام عسکری کارروائیاں فوری طور پر بند کرنا ہے۔ اس کے علاوہ شامی حکومت اور دروزی شیوخ پر مشتمل ایک نگران کمیٹی قائم کی جائے گی جو اس معاہدے پر عمل درآمد کی نگرانی کرے گی۔ دروز برادری کی معروف شخصیات میں سے ایک، شیخ العقل یوسف جربوع نے اس معاہدے کی حمایت کی ہے، جب کہ ایک اور اہم مذہبی رہنما شیخ حکمت الہجری نے بیان جاری کرتے ہوئے "جائز دفاع اور مسلح مزاحمت جاری رکھنے" پر زور دیا ہے۔ شام میں دروز برادری کی آبادی تقریباً سات لاکھ نفوس پر مشتمل ہے، جن کی اکثریت جنوبی علاقے، خاص طور پر صوبہ السویداء میں رہائش پذیر ہے۔

# یوکرین جنگ میں روسی ہلاکتیں اور زخمیوں کی تعداد 10 لاکھ سے تجاوز کر گئی: برطانوی وزیر دفاع

لندن: برطانیہ کے وزیر دفاع جون ہیلی نے کہا ہے کہ روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ کو ساڑھے تین برس گزر چکے ہیں اور برطانوی پارلیمنٹ آج بھی یوکرین کی مکمل حمایت پر متفق



ہے، جس پر وہ فخر محسوس کرتے ہیں۔ انہوں نے پارلیمنٹ سے خطاب میں کہا کہ "یہ روسی صدر ولادیمیر پوتین کی مکمل جارحیت کا 1239 واں دن ہے۔ یوکرین کے عوام نے ایک دہائی سے زیادہ عرصہ قبل جو امن دیکھا تھا، وہ جنگ نے چھین لیا۔ ان کے گھر تباہ کر دیے گئے، زمینیں چھین لی گئیں، بچوں کو اغوا کیا گیا اور ان کے پیارے قتل کر دیے گئے۔ اس کے باوجود یوکرینی عوام، چاہے عام شہری ہوں یا فوجی، غیر معمولی عزم کے ساتھ مزاحمت کر رہے ہیں"۔ جون ہیلی نے بتایا کہ پچھلے ماہ روسی فوجیوں کی ہلاکتوں اور زخمیوں کی مجموعی تعداد 10 لاکھ سے بڑھ چکی ہے، جب کہ صرف رواں سال میں روس کو 2 لاکھ 40 ہزار کے لگ بھگ جانی نقصان اٹھانا پڑا۔ ان کے مطابق ان بھاری نقصانات کے باوجود پوتین کی جارحانہ حکمتِ عملی میں کمی کے کوئی آثار نظر نہیں آ رہے، بلکہ روس یوکرین پر یکطرفہ ڈرون حملوں کی شدت میں اضافہ کر رہا ہے۔

برطانیہ اور امریکہ کا یوکرین کے لیے مشترکہ مؤقف: گذشتہ روز برطانیہ نے ایک بار پھر یوکرین کی حمایت کے اپنے پختہ عزم کا اعادہ کیا اور یوکرین کو درکار عسکری امداد فراہم کرنے میں امریکہ کے کلیدی کردار کو سراہا۔ یورپی سکیورٹی اور تعاون کی تنظیم (او ایس سی ای) میں برطانوی فوجی مشیر لیفٹیننٹ کرنل جوپی ریمر نے کہا کہ برطانیہ، امریکہ اور دیگر بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر یوکرین کو وہ سفارتی، معاشی اور فوجی وسائل فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے، جن کی اسے دفاعِ وطن کے لیے ضرورت ہے۔ چند روز قبل یوکرین کے دارالحکومت کییف پر روس کی جانب سے ڈرون، بیلسٹک اور کروز میزائلوں کے ذریعے بڑا حملہ کیا گیا، جس میں چھ مقامات کو نشانہ بنایا گیا اور متعدد شہری زخمی ہوئے۔ لیفٹیننٹ کرنل ریمر نے کہا کہ یہ حملے ایک خطرناک رجحان کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ان کے بقول، روس نے گزشتہ دو ماہ کے دوران جنگ کے آٹھ سب سے بڑے حملے کیے، جب کہ جون 2025ء میں روسی ڈرون اور میزائل حملے جون 2024ء کے مقابلے میں دس گنا زیادہ ہو چکے ہیں، جن کا اثر عام شہریوں پر انتہائی تباہ کن رہا ہے۔

# غزہ کے بچوں میں غذائی قلت ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی ہے: اقوام متحدہ

غزہ (یو این آئی) سربراہ اقوام متحدہ امدادی امور فلیچر نے بتایا ہے کہ غزہ کے بچوں میں غذائی قلت ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق سربراہ اقوام متحدہ امدادی امور ٹام فلیچر نے اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کو آگاہ کیا ہے کہ اکتوبر 2023ء سے جاری جنگ کی وجہ سے غزہ کے بچے شدید غذائی قلت کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل نے پچھلے 11 مہینوں سے امدادی سامان کی فراہمی پر پابندی عائد کر رکھی ہے، جو امداد پہنچ بھی رہی ہے وہ بہت محدود ہے، جس سے وہاں موجود بچوں کی صحت متاثر ہو رہی ہے۔ اقوام متحدہ میں بچوں کے خصوصی ادارے یونیسیف کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر کیتھرین رسل نے سیکیورٹی کونسل کو بتایا کہ غزہ میں بچے شدید مشکل حالات میں زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں جس میں فوڈ سیکیورٹی اور غذائی قلت جیسے مسائل قابل ذکر ہیں۔

# روس نے ایک ہزار یوکرینی فوجیوں کی لاشیں واپس کر دیں

ماسکو (یو این آئی) روس اور یوکرین کے درمیان مزید لاشوں کا تبادلہ ہوا ہے جس کی کریملن نے تصدیق کر دی۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق کریملن کے ایک معاون نے بتایا کہ روس اور یوکرین نے گزشتہ ماہ ترکی میں ہونے والے امن مذاکرات کے دوسرے دور کے دوران طے پانے والے ایک معاہدے کے تحت، جنگ میں ہلاک ہونے والوں کی مزید لاشوں کا تبادلہ کیا ہے۔ امن مذاکرات میں روس کے وفد کے سربراہ ولادیمیر میڈنسکی نے جمعرات کو ٹیلی گرام پر کہا کہ استنبول میں طے پانے والے معاہدوں کے بعد، یوکرین کے مزید 1000 فوجیوں کی لاشیں آج یوکرین کے حوالے کر دی گئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یوکرین نے 19 مقتول روسی فوجیوں کو حوالے کیا ہے۔ لاشوں کے تبادلے کا معاہدہ استنبول امن مذاکرات میں طے پایا تھا۔ روس مزید 3 ہزار یوکرینی فوجیوں کی لاشیں واپس کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اس سے قبل 18 اپریل کو روس اور یوکرین کے درمیان جنگی قیدیوں اور لاشوں کا تبادلہ کیا گیا جس میں روس نے یوکرین کو 909 فوجیوں کی لاشیں بھیجی تھیں۔ یوکرین نے بھی روس کو 43 فوجیوں کی لاشیں حوالے کی ہیں۔ فروری کے وسط میں یوکرینی صدر نے 46 ہزار فوجیوں کی ہلاکت کی تصدیق کی تھی۔ زیلنسکی کے مطابق روس کے ساتھ جنگ میں تین لاکھ 80 ہزار فوجی زخمی ہو چکے ہیں۔ دوسری جانب غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کا یہ بھی کہنا ہے کہ روس نے 2022 میں اپنے 6 ہزار فوجیوں کی ہلاکت کی تصدیق کی تھی، اس کے بعد سے اب تک اپنے نقصانات کی اطلاع نہیں دی ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی نے جنگ کے آغاز سے اب تک ایک لاکھ روسی فوجیوں کی ہلاکت کا دعویٰ کیا ہے۔

# غزہ میں قابض اسرائیل کا چرچ پر حملہ، دو بزرگ شہید، سات زخمی



غزہ: قابض اسرائیل کی درندگی نے ایک بار پھر انسانی حرمت اور عبادت گاہوں کا تقدس پامال کر دیا۔ آج جمعرات کے روز مشرقی غزہ میں واقع کیتھولک چرچ "خاندانِ مقدس" پر وحشیانہ فضائی حملے میں دو معمر فلسطینی شہید اور سات دیگر شدید زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں چرچ کے راعی، فادر جبرائیل رومانیلی بھی شامل ہیں۔ غزہ کے محکمہ شہری دفاع کے ترجمان محمود بصل نے مرکز اطلاعات فلسطین کو بتایا کہ "قابض اسرائیل کے اس بہیمانہ حملے کے نتیجے میں شدید زخمی ہونے والے دو فلسطینی بزرگ دم توڑ گئے۔" ان شہیدوں کی شناخت 60 سالہ سعد سلامہ اور 80 سالہ فومیا عیاد کے طور پر کی گئی ہے، جو اس حملے کا براہ راست نشانہ بنے۔

محمود بصل نے انتہائی درد بھرے لہجے میں کہا کہ "آج ہم اپنے دو عیسائی بھائیوں کو رخصت کر رہے ہیں، جن کا کوئی قصور نہ تھا۔ قابض دشمن مسلمان دیکھتا ہے نہ مسیحی۔ نہ مسجد کی حرمت کا خیال کرتا ہے، نہ گرجا کی عظمت کا۔ اس کا نشانہ صرف فلسطینی ہے، چاہے جس بھی دین یا فرقے سے ہو"۔

انہوں نے بتایا کہ چرچ میں اس وقت تقریباً 400 مسیحی فلسطینی پناہ لیے ہوئے تھے جن کے مکانات قابض اسرائیل کی 22 ماہ سے جاری جنگ میں تباہ کر دیے گئے تھے۔ چرچ کو پناہ کا آخری محفوظ مقام سمجھا جا رہا تھا، لیکن یہ تیسری بار ہے کہ اسے جارحیت کا نشانہ بنایا گیا۔

بصل نے عالمی برادری اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے فوری اور عملی اقدام کا مطالبہ کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ "یہ معصوم کیوں مارے جا رہے ہیں؟ کیا دنیا کی کوئی ذمہ داری نہیں کہ ان بے گناہوں کی جان بچائے؟"

ادھر القدس میں لاطینی پادریوں کے دفتر کی جانب سے جاری کردہ بیان میں بھی اس حملے کی تصدیق کی گئی، جس میں کہا گیا ہے کہ "خاندانِ مقدس" چرچ پر اسرائیلی حملے میں متعدد فلسطینی زخمی ہوئے، جن میں فادر رومانیلی بھی شامل ہیں۔ بیان کے مطابق چرچ کو شدید نقصان پہنچا ہے اور یہ وہ واحد کیتھولک چرچ ہے جو پورے محصور غزہ کی پٹی میں موجود ہے۔ لاطینی پادریوں نے عالمی سطح پر آواز اٹھانے کی اپیل کی ہے تاکہ عبادت گاہوں، مذہبی مقامات اور ان میں پناہ لینے والوں کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ ویٹی کن سے بھی ردعمل سامنے آیا، جہاں پوپ لیو چودھویں نے اس حملے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے فوری جنگ بندی کی اپیل دہرائی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ "چرچ پر حملہ، دو افراد کی شہادت اور متعدد زخمیوں کی خبر دل دہلا دینے والی ہے۔"

یہ پہلی بار نہیں کہ قابض اسرائیل نے غزہ میں گرجا گھروں کو نشانہ بنایا ہو۔ اس سے قبل "خاندانِ مقدس" چرچ کو پناہ گزینوں سمیت نشانہ بنایا جا چکا ہے، اور "سینٹ پرفیریوس" چرچ پر بھی بمباری ہو چکی ہے، جو غزہ کی سب سے قدیم اور دنیا کی تیسری قدیم ترین چرچ ہے۔ غزہ کے عیسائی شہریوں کے لیے یہ چرچیں نہ صرف عبادت کی جگہیں ہیں بلکہ امید اور روحانی سہارا بھی ہیں۔ ان پر حملے، پوری انسانیت پر حملے کے مترادف ہیں۔ یاد رہے کہ سات اکتوبر سنہ 2023ء سے قابض اسرائیل، امریکہ کی پشت پناہی میں غزہ پر بدترین نسل کشی کر رہا ہے، جس میں اب تک 198 ہزار سے زائد فلسطینی شہید یا زخمی ہو چکے ہیں، جن میں اکثریت عورتوں اور بچوں کی ہے۔ 10 ہزار سے زائد لاپتا ہیں، جب کہ لاکھوں افراد بے گھر ہو چکے ہیں۔ بھوک، بیماری، نقل مکانی اور قحط نے غزہ کو موت کا قبرستان بنا دیا ہے۔

# غزہ کے الشجاعیہ محاذ پر جھڑپیں، پانچ صہیونی فوجی زخمی، دو کی حالت نازک

غزہ: جمعرات کی صبح مشرقی غزہ کے الشجاعیہ محاذ پر فلسطینی مجاہدین اور قابض اسرائیلی فوج کے درمیان شدید جھڑپیں ہوئیں۔ ان جھڑپوں میں پانچ صہیونی فوجی زخمی ہو گئے جن میں دو کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ عبرانی ذرائع ابلاغ نے اس بات کی تصدیق کی کہ زخمی ہونے والے دو صہیونی فوجی قابض فوج کے پیراٹروپر بریگیڈ کی کتیبہ 202 سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ دونوں شمالی غزہ میں جاری جھڑپوں کے دوران شدید زخمی ہوئے۔ ایک اور اطلاع کے مطابق، قابض فوج کے یہلوم یونٹ سے تعلق رکھنے والا ایک ریزرو فوجی اُس وقت درمیانے درجے کا زخمی ہوا جب غزہ کے وسطی علاقے میں ایک غیر پھٹی گولہ بارود اچانک پھٹ گیا۔





قابض اسرائیلی فوج کی اپنی ویب سائٹ نے اعتراف کیا ہے کہ سات اکتوبر سنہ 2023ء کو شروع ہونے والی خونریز جنگ سے اب تک 893 صہیونی فوجی ہلاک ہو چکے ہیں۔ ان میں سے 449 صرف غزہ میں زمینی کارروائیوں کے دوران مارے گئے۔ زخمی فوجیوں کی مجموعی تعداد 6108 بتائی گئی ہے۔

گذشتہ روز بدھ کی شب القسام بریگیڈز نے اعلان کیا کہ ان کے مجاہدین نے غزہ کے مشرقی علاقے الشجاعیہ میں قابض فوج کی ایک بکتر بند گاڑی اور دو فوجی بلڈوزروں کو کامیابی سے نشانہ بنایا تھا۔ یہ کارروائی ایک ہفتہ قبل انجام دی گئی تھی۔ یہ جھڑپیں اس امر کا ثبوت ہیں کہ فلسطینی مزاحمت اب بھی زندہ ہے اور اپنے مظلوم عوام کی حفاظت کے لیے ہراول محاذ پر ڈٹی ہوئی ہے۔ ہر دن قابض اسرائیل کی جانب سے فلسطینیوں کی نسل کشی، بربریت اور درندگی کے واقعات سامنے آتے ہیں، لیکن فلسطینی قوم اپنے نصب العین پر ثابت قدم ہے۔

قابض دشمن کی جدید ترین ٹیکنالوجی اور مہلک ہتھیاروں کے سامنے فلسطینیوں کا صبر، استقامت اور قربانی کا جذبہ اس بات کی دلیل ہے کہ ظلم زیادہ دیر قائم نہیں رہتا، اور فتح بالآخر مظلوموں کی ہوتی ہے۔

# جنین کے جنوبی قصبے قباطیہ میں شہداء کے گھر مسمار، صہیونی درندگی کی نئی لہر

جنین: فلسطینی سرزمین ایک بار پھر غاصب دشمن کی وحشیانہ کارروائیوں کی زد میں آ گئی۔ جمعرات کی صبح قابض اسرائیلی فوج نے جنین کے جنوبی علاقے قباطیہ میں دو فلسطینی شہداء کے گھروں کو دھماکوں سے اڑا دیا۔

مقامی ذرائع نے بتایا کہ قابض صہیونی افواج نے بھاری تعداد میں فوجیوں کے ساتھ قصبے پر یلغار کی۔ ایک بھاری فوجی بلڈوزر بھی ان کے ساتھ تھا، جس کی گرجتی آوازوں نے پورے علاقے کو لرزا دیا۔ قابض فوج نے کئی گھروں پر دھاوا بولا، ان کے در و دیوار توڑے، قیمتی سامان کو تہس نہس کر دیا اور خوف کا ایک جہنم پورے علاقے پر مسلط کر دیا۔

صہیونی فوج نے قباطیہ کے الزکارنہ محلے اور الجلمہ علاقے میں متعدد گھروں کو خالی کرا کے انہیں عارضی فوجی چھاؤنیوں میں تبدیل کر دیا۔ اسی دوران عبداللہ الجزرہ نامی فلسطینی کے گھر پر چھاپہ مارا گیا، اس کے گھر کی مکمل تلاشی لی گئی، چیزیں توڑی گئیں، پھر اسے گرفتار کر لیا گیا۔ متعدد نوجوانوں کو بھی پکڑ کر نامعلوم مقام پر لے جایا گیا۔

قابض افواج نے اس کے بعد قباطیہ کے ان دو گھروں کو نشانہ بنایا جو شہداء وائل ادریس لحلوح اور محمد نزال کے خاندانوں کی پناہ گاہ تھے۔ صہیونی فوج نے ان گھروں کو دھماکہ خیز مواد سے بھرا اور انہیں زمین بوس کر دیا۔ ان دونوں گھروں کو پہلے ہی 20 جون کو تباہ کرنے کا نوٹس دیا جا چکا تھا، اور آج اس درندگی کو عملی شکل دے دی گئی۔ شہید وائل ادریس لحلوح کو قابض اسرائیل نے ایک زرعی کمرے پر وحشیانہ بمباری کر کے شہید کیا تھا، جہاں وہ اپنے تین ساتھیوں کے ساتھ موجود تھے۔ یہ اندوہناک واقعہ یکم دسمبر سنہ 2024ء کو جنوبی جنین کی قریہ صیر میں پیش آیا۔

اسی طرح شہید محمد اسعد نزال کو بھی قابض افواج نے قتیبہ الشلبی کے ساتھ اس وقت شہید کر دیا جب وہ برقین قصبے میں ایک گھر کے اندر محصور تھے۔ صہیونی فوج نے پہلے ان پر کندھے پر رکھے جانے والے راکٹ لانچروں سے حملہ کیا، پھر گھر کو بلڈوزر سے مسمار کر دیا، جب کہ دونوں شہداء اس کے اندر موجود تھے۔ یہ سفاکانہ کارروائیاں صرف چند پتھروں یا دیواروں کی تباہی نہیں بلکہ ان خاندانوں کی بنیادوں کو جھنجھوڑنے کی کوشش ہے جو اپنے بیٹوں کی شہادت پر پہلے ہی غم کے پہاڑ تلے دبے ہوئے ہیں۔ یہ گھروں کی نہیں، دلوں کی ویرانی ہے۔ یہ تباہی صرف اینٹوں کی نہیں بلکہ پوری انسانیت کے ضمیر کی ہے، جو قابض اسرائیل کی جارحیت کے خلاف ابھی تک خاموش ہے۔

دنیا کی آنکھوں کے سامنے فلسطینیوں کی زندگی، امیدیں اور پناہ گاہیں بارود میں لپیٹ کر اڑائی جا رہی ہیں۔ یہ وہی صہیونی ریاست ہے جو خود کو جمہوریت کا دعویدار کہتی ہے مگر اس کی جمہوریت کی بنیاد معصوم بچوں کی چیخوں، ماؤں کے نوحوں اور خون آلود زمین پر رکھی گئی ہے۔

# سمیر الرفاعی کی شہادت، قابض اسرائیل کی نسل کشی پالیسی کا بھیانک چہرہ ہے: حماس

غزہ: اسلامی تحریک مزاحمت حماس نے جنین کی بستی رمانہ سے تعلق رکھنے والے 53 سالہ فلسطینی اسیر سمیر محمد یوسف الرفاعی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی شہادت قابض اسرائیل کے جیل خانوں میں فلسطینیوں کے خلاف جاری "سست رفتار نسل کشی" کی پالیسی کا واضح ثبوت ہے۔ جمعرات کے روز جاری ایک بیان میں حماس نے کہا کہ اسیر سمیر الرفاعی کی شہادت غاصب اسرائیل کی نازی طرز کی ان بھیانک جرائم کو بے نقاب کرتی ہے، جو فلسطینی قیدیوں پر روا رکھے جا رہے ہیں۔ یہ جرائم تمام عالمی قوانین، انسانی اقدار اور بین الاقوامی معاہدوں کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ بیان میں واضح کیا گیا ہے کہ قابض اسرائیل کی فاشسٹ حکومت کی جانب سے قیدیوں پر بدترین تشدد، ان کے ساتھ غیر انسانی سلوک اور طبی لاپروائی دراصل ایک منظم "سست رفتار سزائے موت" ہے، جو فلسطینیوں کو قید و بند کے نام پر موت کی کھائی میں دھکیلنے کی خطرناک پالیسی کا حصہ ہے۔ حماس نے عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں، بین الاقوامی اداروں اور ضمیر رکھنے والی تمام اقوام کو مخاطب کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ وہ فوری مداخلت کریں، اور قابض اسرائیل پر دباؤ ڈالیں تاکہ فلسطینی قیدیوں کے خلاف جاری یہ خوفناک جرائم بند کیے جائیں۔ بیان میں فلسطینی عوام خاص طور پر غرب اردن کے شہریوں سے اپیل کی گئی کہ وہ اسیران کے حق میں مزاحمت کو مزید تیز کریں، ہر محاذ پر قابض دشمن کا سامنا کریں اور ان قیدیوں کی حمایت میں آواز بلند کریں جو ہماری آزادی کے چراغ ہیں۔ حماس نے پرزور انداز میں کہا کہ ہمارے قیدی جو اپنے جسم پر تشدد سہتے ہیں، جنہیں بھوک، پیاس، بیماری اور تنہائی کا سامنا ہے، ان کی عظیم قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ان کی جدوجہد اور عزم ناقابل شکست ہے اور فلسطینی قوم و مزاحمت ہر قیمت پر ان کی آزادی کی قسم کھا چکی ہے۔ حماس نے سمیر الرفاعی کو ایک شہید مزاحمت قرار دیا اور کہا کہ ان کی شہادت ہمارے اس مطالبے کو اور بھی توانا کرتی ہے کہ قابض اسرائیل کے جنگی جرائم پر دنیا خاموش نہ رہے، اور اسے عالمی قوانین کے مطابق جواب دہ بنایا جائے۔

# کال کوٹھڑی میں اذیت ناک موت، جنین کے اسیر سمیر الرفاعی صہیونی جلادوں کے تشدد سے شہید

رام اللہ: فلسطینی قیدیوں کے امور کی نگران تنظیم اور اسیران کلب نے ایک مشترکہ بیان میں اعلان کیا ہے کہ جنین کی بستی رمانہ سے تعلق رکھنے والے 53 سالہ فلسطینی اسیر سمیر محمد یوسف الرفاعی صہیونی عقوبت خانوں میں دوران حراست شہید ہو گئے ہیں۔

سمیر الرفاعی ایک نہایت ہی محبت کرنے والے شوہر اور پانچ بچوں کے باپ تھے۔ انہیں غاصب صہیونی فوج نے دس جولائی کو ان کے گھر سے وحشیانہ طریقے سے گرفتار کیا تھا۔ آج ان کی سالم فوجی عدالت میں پہلی پیشی متوقع تھی، مگر قید و بند کے سات دن ان کی زندگی کے آخری دن ثابت ہوئے۔





اسیران کے حقوق کی تنظیموں کے مطابق شہید سمیر الرفاعی دل کے مریض تھے، جنہیں مسلسل طبی نگہداشت کی ضرورت تھی۔ ان کی حالت کے بارے میں ان کے اہل خانہ پہلے ہی اطلاع دے چکے تھے، مگر قابض اسرائیل کے زندانوں میں نہ دوا ملی نہ رحم۔

تنظیموں نے کہا ہے کہ اس اندوہناک سانحے کے بعد اس وقت تک قابض اسرائیل کی قید میں شہید ہونے والے اسیران کی تعداد 74 ہو چکی ہے، جن کی شناخت مکمل ہو چکی ہے۔ یہ تعداد اس بدترین نسل کشی کے دور کی خونی علامت ہے، جو فلسطینی قیدی تحریک کی تاریخ میں ایک بھیانک باب بن چکی ہے۔

اگر ہم سنہ 1967ء سے لے کر اب تک کی بات کریں تو قابض اسرائیل کی جیلوں میں شہید ہونے والے فلسطینی قیدیوں کی تعداد 311 ہو چکی ہے۔

بیان میں کہا گیا ہے کہ قابض اسرائیل کی جیلوں میں فلسطینی قیدیوں کی شہادت کوئی اچانک پیش آنے والا واقعہ نہیں بلکہ ایک منظم منصوبے کا حصہ ہے، جس کا مقصد ان قیدیوں کو موت کی آغوش میں دھکیلنا ہے۔ روز بروز بڑھتی شہادتیں اس امر کی گواہی ہیں کہ یہ سب کچھ ایک سوچے سمجھے قتل عام کا تسلسل ہے۔

قابض اسرائیل کی جیلیں اذیت گاہیں بن چکی ہیں۔ وہاں قیدی ہر لمحہ جسمانی تشدد، فاقہ کشی، طبی غفلت، نفسیاتی اذیت، جنسی بدسلوکی، اور متعدی بیماریوں جیسے خطرناک ماحول کا شکار ہیں۔ سب سے زیادہ خطرناک بیماریوں میں "جرب" (خارش) سرفہرست ہے، جو جیلوں میں جان بوجھ کر پھیلنے دی جا رہی ہے۔ بیان میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ شہید سمیر الرفاعی کی شہادت ایک نئی درندگی کا باب ہے، جو قابض اسرائیل کے ان خفیہ مگر منظم طریقوں کا عکاس ہے جن کے ذریعے وہ فلسطینی قیدیوں کی نسل کشی کر رہا ہے۔ یہ ایک واضح جنگی جرم ہے جس کی تمام تر ذمہ داری قابض اسرائیل پر عائد ہوتی ہے۔

آخر میں تنظیموں نے عالمی برادری، خاص طور پر انسانی حقوق کے اداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ قابض اسرائیل کے ان جرائم پر خاموشی ترک کریں اور فوری طور پر ایسے اقدامات کیے جائیں جو ان جنگی مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لا کھڑا کریں۔ ان پر عالمی پابندیاں عائد کی جائیں تاکہ قابض اسرائیل کو یہ پیغام ملے کہ وہ دنیا میں بے لگام اور جواب دہی سے آزاد نہیں رہ سکتا۔

# قابض اسرائیلی بمباری سے جنوبی لبنان میں دو افراد شہید





بیروت: جنوبی لبنان کی فضا آج ایک بار پھر قابض اسرائیل کی بمباری سے لرز اٹھی۔ جمعرات کے روز صہیونی فوج نے جنوبی لبنان کے دو مختلف علاقوں پر فضائی حملے کیے جن میں دو لبنانی شہری شہید اور دو زخمی ہو گئے۔ یہ بمباری نومبر سنہ 2024ء سے جاری جنگ بندی معاہدے کی کھلی خلاف ورزی ہے۔

لبنانی خبر رساں ایجنسی کے مطابق قابض اسرائیلی لڑاکا طیاروں نے جنوبی لبنان کے علاقے "تول الکفور" (ضلع نبطیہ) میں ایک گاڑی کو میزائل سے نشانہ بنایا۔ گاڑی مکمل طور پر آگ کی لپیٹ میں آ گئی اور اس میں موجود افراد کو بچنے کا موقع نہ ملا۔

ایک اور حملے میں قابض فوج نے جنوبی لبنان کے علاقے "حولا" کے مشرقی محلے میں ایک رہائشی عمارت کو رات کے وقت دھماکے سے تباہ کر دیا۔ حملے کی تفصیلات فوری طور پر سامنے نہیں آئیں مگر مقامی لوگوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ لبنانی وزارت صحت نے ابتدائی رپورٹ جاری کرتے ہوئے بتایا کہ ان حملوں میں دو افراد شہید اور دو زخمی ہوئے۔

قابض اسرائیلی فوج نے حسب روایت حملوں کا جواز پیش کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ یہ کارروائیاں "حزب اللہ کے اہداف" پر کی گئیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ قابض اسرائیل نے 8 اکتوبر سنہ 2023ء کو لبنان پر ایک نئی جنگ مسلط کی تھی، جو 23 ستمبر سنہ 2024ء کو مکمل جنگ میں تبدیل ہو گئی۔ ان حملوں میں اب تک چار ہزار سے زائد لبنانی شہید اور 17 ہزار کے قریب زخمی ہو چکے ہیں۔

پھر 27 نومبر سنہ 2024ء کو ایک رسمی جنگ بندی کا اعلان ہوا، مگر حقیقت یہ ہے کہ تل ابیب نے اس معاہدے کو مسلسل روند ڈالا۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق قابض اسرائیلی فوج اب تک جنگ بندی کی تین ہزار سے زائد خلاف ورزیاں کر چکی ہے، جن کے نتیجے میں 239 افراد شہید اور 551 زخمی ہو چکے ہیں۔

صہیونی فوج اب بھی جنوبی لبنان کی پانچ پہاڑیوں پر قابض ہے جو اس نے آخری جنگ کے دوران ہتھیائی تھیں۔ یہ ان علاقوں کے علاوہ ہیں جو قابض اسرائیل عشروں سے دبا کر بیٹھا ہے۔

یہ حملے اس واضح حقیقت کو پھر سے اجاگر کرتے ہیں کہ قابض اسرائیل نہ اقوام متحدہ کے فیصلوں کو مانتا ہے نہ امن معاہدوں کو، اور نہ ہی انسانی جانوں کی کوئی حرمت اس کے نزدیک ہے۔ آج لبنان کے باسی بھی اسی دکھ، بے بسی اور عالمی بے حسی کا سامنا کر رہے ہیں جس کا شکار فلسطینی عوام برسوں سے ہو رہے ہیں۔ قابض اسرائیل کے یہ مظالم پوری خطے کے امن کو خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ انسانیت چیخ رہی ہے، مگر عالمی ضمیر اب بھی خاموش ہے۔

## تین افراد کے ڈی این اے سے پیدا ہونے والے بچے جینیاتی امراض سے محفوظ رہتے ہیں

لندن (یو این آئی) برطانیہ میں بچوں کو مہلک بیماریوں سے بچانے کے لیے تین افراد کے جنیٹک ڈی این اے کا استعمال کیا گیا ہے اور اس نئی تکنیک سے آٹھ بچے پیدا کرنا ممکن ہو سکا ہے۔ ڈاکٹروں نے جمعرات کے روز یہاں بتایا کہ برطانوی سائنسدانوں کے ذریعہ تیار کردہ اس طریقۂ کار میں ماں کے بیضہ اور باپ کے مادہ تولید کو عطیہ کرنے والی ایک خاتون کے دوسرے بیضہ میں ملایا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ تکنیک یہاں ایک دہائی سے قانونی طور پر تسلیم شدہ ہے، لیکن بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق اب اس بات کے شواہد ملے ہیں کہ یہ لاعلاج 'مائٹوکونڈریل' بیماری سے محفوظ بچوں کی پیدائش کا باعث بن رہی ہے۔ بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق یہ نقائص عموماً ماں سے بچے میں منتقل ہوتے ہیں، جو شدید معذوری کا باعث بنتے ہیں اور کچھ بچے پیدائش کے چند ہی دنوں میں مر جاتے ہیں۔ جوڑے جانتے ہیں کہ اگر ان کے پہلے بچے، خاندان کے افراد یا ماں اس سے متاثر ہوتی ہے، تو انہیں خطرہ ہوتا ہے۔ 'تھری پرسن تکنیک' کے ساتھ پیدا ہونے والے بچے اپنے ڈی این اے کا زیادہ تر حصہ اپنے والدین سے حاصل کرتے ہیں، لیکن اس کا ایک چھوٹا حصہ، تقریباً 1.0 فیصد، دوسری عورت سے بھی ملتا ہے۔ یہ ایک ایسی تبدیلی ہے جو نسل در نسل منتقل ہوتی ہے۔ مائٹوکونڈریا چھوٹے چھوٹے ڈھانچے ہیں، جو ہمارے جسم کے تقریباً ہر خلیے کے اندر موجود ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم سانس لیتے ہیں، جب وہ کھانے کو آکسیجن کے ذریعے توانائی میں تبدیل کرتے ہیں، جسے ہمارا جسم ایندھن کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ 5,000 میں سے ایک بچہ مائٹوکونڈریل بیماری کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔ چونکہ مائٹوکونڈریا صرف ماں سے بچے میں منتقل ہوتا ہے۔

روزنامہ صحافت اردو ویب ایڈیشن برمنگھم (یو. کے.) کو پبلشر نغمہ امیر نے ٹیڈنگٹن گروپیری بار برمنگھم بی۔42 آئی آر جی یو. کے. سے شائع کیا۔ پروپرائٹر و گروپ ایڈیٹر: امان عباس، ریزیڈینٹ ایڈیٹر: امیر مہدی، بیورو چیف: نغمہ امیر، ای۔میل: Naghmaamir@rediffmail.com، موبائل نمبر: 386368 7897 44+
قارئین کو مشورہ: "صحافت" میں چھپے ہوئے مضامین اور مراسلات میں ظاہر کئے گئے خیالات سے ایڈیٹر، نیوز ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر، پروپرائٹر کا متفق اور جواب دہ ہونا ضروری نہیں ہے۔ صحافت میں شائع ہونے والے کسی بھی اشتہار کے مواد اور دعوؤں کے بارے میں ادارہ صحافت ذمہ دار نہیں ہوگا، اس کی کل ذمہ داری اشتہار دہندہ کی ہوگی۔